کے چار سو علماء کے حالات زندگی ان کی تعلیمی ،تدریسی، علمی ، سیاسی ،معاشرتی ،سماجی ،تقریری ،تحریری ،تبلیغی ، صوفیانہ اور مجاہدانہ کارناموں پر روشنی ڈال کر ایک قابل ستائش خدمت انجام دی ۔یہ کتاب ہر ضلع کے اہل علم کیلئے ایک رہنما اور مشعل راہ کی حیثیت رکھتی ہے ۔اب صوبہ خیبر پختونخواہ کے اہل ذوق کو چاہیئے کہ اس کتاب سے رہنمائی لیں اور اپنے اپنے ضلع کے اہل علم کی حالات قلمبند کر کے ان کی خدمات کو منظر عام پر لائیں تاکہ صوبہ خیبر پختونخوا کی یہ ہستیاں تاریخ کا حصہ بنے ۔کتاب ہر اعتبار سے جامع اور منفرد ہے۔البتہ اگر ضلع صوابی کی تاریخی اور جغرافیائی حیثیت کے حوالے سے ایک تفصیلی مقدمہ شامل ہوتا تو مزید بہتر ہوتا۔کتاب کی طباعت بہتر اور ترتیب بھی اعلیٰ ہے۔اللہ تعالیٰ موصوف کی اس کاوش کو قبولیت سے نوازے ۔

● برصغیر میں قرآن فہمی کا تنقیدی جائزہ ---------- مؤلف مولانا ڈاکٹر حبیب اللہ قاضی چترالی

ضخامت: ۹۲۸ صفحات ناشر: زمزم پبلشرز شاہ زیب سینٹر نزد مقدس مسجد اردو بازار کراچی

برصغیر میں قرآن فہمی کے حوالے سے بہت سے کتابیں لکھی گئی ہے اور یہ سلسلہ تا ایں دم جاری ہے تاہم مولانا حبیب اللہ قاضی کی گراں قدر مقالہ "برصغیر میں قرآن فہمی کا تنقیدی جائزہ" برصغیر میں بحیثیت مجموعی تفسیری لیٹریچر کی تاریخی ارتقاء، تحلیلی اور تنقیدی جائزہ کے حوالے سے ایک مکمل اور جامع کاوش ہے فاضل محقق نے یہ مقالہ چار ابواب پر تقسیم کیا ہے۔باب اول :تفسیر کی لغوی، اصطلاحی تعریفات اور ابتداء ارتقاء اور تفسیر کے مختلف ادوار، ترجمے کے اسباب جیسے مباحث شامل ہیں ۔باب دوم: تفسیر کی اقسام، تفسیر کے مختلف مناہج وغیرہ پر مشتمل ہے ۔باب سوم: برصغیر میں تفسیر کی ابتدا اور مفسرین کے کارنامے مشہور اور مترجمین ومفسرین کا تعارف ۔باب چہارم: برصغیر میں قرآن فہمی اور تفسیری میدان میں مختلف مکاتب فکر کے خدمات ان کے ابتداء اور مناہج اور ان تمام مکاتب فکر کی تفاسیر کا تنقیدی جائزہ لیا گیا ہے مقالہ کے آخر میں مصادر ومراجع اور حوالہ جات کی فہرست نے اس تحقیقی کام کی قدر وقیمت اور اہمیت کو مزید بڑھا کر نور علی نور کا مصداق بنا،یہ مقالہ ایک قابل قدر جامع تحقیقی کاوش ہے زمزم کے ارباب اہتمام اس حسن طباعت پر مبارکباد کے مستحق ہیں اللہ فاضل موصوف کو مزید علمی ترقی نصیب فرمائے ۔(مبصر محمد اسلام حقانی)

● خوشبوئے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ---------- مؤلف مولانا محمد احسان اللہ فاروقی

ضخامت: ۲۰۸ صفحات ناشر: مکتبۃ الحبیب مرکز عمر فاروق وڈالہ سندھواں تحصیل ڈسکہ سیالکوٹ

زیر تبصرہ کتاب میں مولانا احسان اللہ فاروقی نے نہایت ہی منفرد اور مؤثر طرز بیان میں رحمۃ للعالمین ،خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشبو اور اسکی اقسام اس مختصری کتابچہ میں